


## نوکری مراکز اور بھرتی مراکز کے انکوائری ٹیلی فون نمبرز

| | |
|---|---|
| 2591 1318 | ایڈمیرلٹی نوکری مرکز |
| 2114 6868 | نارتھ پوائنٹ نوکری مرکز |
| 2338 9787 | کولون ایسٹ (مشرق) نوکری مرکز |
| 2150 6397 | کولون ویسٹ (مغرب) نوکری مرکز |
| 2342 0486 | کن تھونگ نوکری مرکز |
| 2158 5553 | شاٹن نوکری مرکز |
| 3692 4532 | شنگ شوئی نوکری مرکز |
| 2417 6197 | چھن وان نوکری مرکز |
| 2463 9967 | تھن مُن نوکری مرکز |
| 3428 2943 | تنگ چُنگ نوکری مرکز |
| 3692 5750 | یون لونگ نوکری مرکز |
| 3847 7600 | بھرتی مرکز برائے خوراک رسانی صنعت |
| 3847 7611 | بھرتی مرکز برائے پرچون فروشی صنعت |
| 3428 3303 | بھرتی مرکز برائے تعمیراتی صنعت |

ملازمت کی خدمات کی ہاٹ لائن کا ٹیلی فون نمبر

**2969 0888**

متعامل ملازمت کی خدمت کی ویب سائٹ

**https://www.jobs.gov.hk**

7/2024

勞工處
Labour Department
(Urdu Version)



# نسلی اقلیتی متلاشیان ملازمت کے لیے ملازمت خدمات گائیڈ












لیبر ڈیپارٹمنٹ (LD) نوکری کے متلاشیوں کو ملازمت کی تلاش میں مدد فراہم کرنے کے لیے جامع اور مفت ملازمت کی خدمات فراہم کرتا ہے۔ ہماری خدمات چینی اور انگریزی دونوں زبانوں میں فراہم کرنے کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ اگر آپ ان میں سے کوئی زبان نہیں بولتے تو، ہم آپ کے لیے ترجمانی کی خدمات کا انتظام کر سکتے ہیں۔

اگر آپ نوکری کی تلاش کر رہے ہیں تو، آپ اپنی ضروریات کے پیش نظر سب سے زیادہ موزوں ملازمت کی خدمات کو جاننے کے لیے اس گائیڈ کو پڑھیں۔

## ملازمت کے پروگرام

ملازمت کے اہل متلاشی ملازمت کے مندرجہ ذیل پروگراموں میں شمولیت کا انتخاب کر سکتے ہیں:

- **کام کی آزمائشی اسکیم**
  یہ اسکیم شرکاء کے لیے آزمائشی کام کا اہتمام کرتی ہے تاکہ وہ شریک تنظیموں میں ایک ماہ (30 دنوں) کے لیے حقیقی نوکریاں کریں۔ اس میں شریک تنظیموں کو اچھی کارکردگی کے ساتھ آزمائشی کام مکمل کرنے والے شرکاء کو ملازمت فراہم کے لیے حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔
- **بڑی عمر اور درمیانی عمر والوں کے لیے ملازمت کے پروگرام**
  اس اسکیم میں شریک آجرین ایک استاد مقرر کریں گے اور 40 یا اس سے زائد عمر کے حامل بے روزگار نوکری کے متلاشیوں کے لیے کام پر ہی تربیت فراہم کریں گے۔ اس سے شرکاء کو نئے کام کے ماحول کے مطابق بنانے میں اور مستحکم روزگار کے نقطہ نظر سے نوکرکے لیے درکار مخصوص مہارتیں حاصل کرنے کی سہولت بہم پہنچائے گا۔ پروگرام کے تحت کسی پیشگی رجسٹریشن کی ضرورت نہیں ہے۔
- **ری-ایمپلائنمنٹ الاؤنس پائلٹ سکیم**
  یہ اسکیم 40 برس یا اس سے زائد عمر کے بڑے اور درمیانی عمر کے افراد کو سامنے رکھ کر بنائی گئی ہے جو ہانگ کانگ میں مسلسل تین ماہ یا اس سے زائد عرصے سے بامعاوضہ ملازمت میں نہیں ہیں۔ وہ شرکاء جنہوں نے لگاتار چھ ماہ تک کام کیا ہو ان کو زیادہ سے زیادہ $10,000 کا الاؤنس ملے گا جبکہ ایسے افراد جنہوں نے لگاتار 12 ماہ تک کام کیا ہو ان کو $10,000 کا اضافی زیادہ سے زیادہ الاؤنس ملے گا۔



## نوکری مراکز

ہم علاقے میں ملازمت کے لیے 11 مراکز کا نیٹ ورک چلاتے ہیں۔ آپ کو خوش آمدید کہا جاتا ہے کہ ان مراکز میں کسی بھی مرکز پر تشریف لائیں اور نوکریاں تلاش کرنے کے لیے مندرجہ ذیل سہولیات کو استعمال کریں:

- اپنا رزیومی تیار کرنے کے لیے رزیومی بنانے والے سافٹ ویئر کے ساتھ کمپیوٹرز
- آجروں کو اپنا رزیومی اور درخواست کا لیٹرفیکس یا ای میل کرنے کے لیے انٹرنیٹ کنکشن کے ساتھ فیکس مشینیں اور کمپیوٹرز
- LD ڈیپارٹمنٹ کی وسیع آسامی ڈیٹابیس میں سے مناسب آسامیوں کی تلاش کے لیے آن لائن منسلکہ ٹچ سکرین آسامی تلاش کرنے کے ٹرمینل
- آجروں کے ساتھ نوکری کے لیے آن لائن انٹرویو کو بروئے کار لانے کے لیے آلات



## (ریٹیل انڈسٹری) اور بھرتی مرکز برائے تعمیراتی صنعت (کنسٹرکشن انڈسٹری)

بھرتی کے مراکز میں سال بھر ملازمت کے میلوں کا انعقاد کیا جاتاہ ے ۔اگر آپ متعلقہ بھرتی مرکز کے ساتھ ساتھ خوراک رسانی اور پرچون فروشی یا تعمیراتی منصوبوں میں ملازمت پانے میں دلچسپی رکھتے ہیں تو آپ نوکری کے مراکز، LD کی تعاملی ملازمت سروس (iES) کی ویب سائٹ یا اس کی موبائل ایپلیکیشن پر تازہ ترین ملازمت میلے (جاب فیئر) کی معلومات کی جانچ کر سکتے ہیں۔ اس کے بعد آپ بھرتی مراکز سے رابطہ کر سکتے ہیں تاکہ وہ آجروں کے ساتھ موقع پر ہی انٹرویو منعقد کروانے کے لیے آپ کو پہلے سے متعین اوقات فراہم کر سکیں۔

## اعلیٰ تعلیمی ملازمت سے متعلق مختص کردہ ویب پیج


اعلیٰ تعلیم کے حامل متلاشیان ملازمت مقامی ملازمت مارکیٹ کی‌تازہ ترین معلومات حاصل کر سکتے ہیں اور اعلیٰ تعلیمی ملازمت سے متعلق ایمپلائمنٹ مختص کردہ ویب پیج (https://www.jobs.gov.hk/0/en/jobseeker/hee/) کے ذریعے نئے مناسب ملازمتی موقع ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

## نسلی اقلیتی متلاشیان ملازمت کے لیے مختص کردہ ملازمت کی خدمات

- **نسلی اقلیتی متلاشیان ملازمت کے لیے خصوصی کاؤنٹر اور وسائل کارنر**
  خصوصی کاؤنٹر پر آپ رجسٹریشن سروس، LD کی ملازمت کی خدمات اور نوکری تلاش کرنے کی سہولیات، نوکری کی ریفرل سروس اور تربیت اور از سرِ نو تربیت کے دستیاب مواقع پر مبنی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ اس وسائل کارنر پر آپ ملازمت کی مفید معلومات/از خود سیکھنے کے لیے حوالہ جاتی مواد جیسا کہ حوالہ جات کتب، مختلف زبانوں میں لغات، نوکری کی تلاش کی تجاویز پر مبنی اخبار اور رسالے اور از سر نو تربیت کی معلومات بھی حاصل کر سکتے ہیں۔
- **شخصی ملازمت کے حوالے سے مشاورت اور مکمل فالو اپ سہولت**
  اپنی ملازمت کی ضروریات پر گفتگو کرنے، نوکری تلاش کرنے کی ٹیکنالوجی کو بہتر بنانے، لیبر مارکیٹ اور تربیت/از سر نو تربیت کورسز پر مبنی معلومات حاصل کرنے اور/یا موزوں کیرئیر کی اہلیت کا اندازہ کرنے کے لیے
  آپ روزگار افسر کے ساتھ ملازمت کر سکتے ہیں۔ رجسٹریشن کے حامل نسلی اقلیتی متلاشیان ملازمت کو مکمل فالو اپ کی سہولت بھی فراہم کی جائے گی۔
- **ملازمت کی بریفنگ**
  یہ بریفنگ آپ کو موجودہ لیبر مارکیٹ کی صورت حال اور نوکری کے لیے انٹرویو تکنیک میں ماہر بنانے کے لیے مدد کر سکتی ہے۔
- **نوکری کے میلے**
  نوکری کے مراکز پر سال بھر نوکری کے میلوں کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ اس میلے میں حصہ لینے والے آجرین نوکری کے متلاشیوں کے ساتھ موقع پر ہی انٹرویو کریں گے۔ نسلی اقلیتی متلاشیان ملازمت کے لیے موزوں آسامیوں سمیت نوکری کے میلوں کا باقاعدہ انتظام کیا جائے گا جہاں موقع پر ہی ترجمانی کی سہولت دستیاب ہوتی ہے۔
- **نسلی تنوع ملازمتی پروگرام (RDEP)**
  RDEP ایک ایسا پروگرام ہے جسے لیبر ڈیپارٹمنٹ نے غیر سرکاری تنظیموں (این جی اوز) کے تعاون سے شروع کیا ہے تاکہ نسلی اقلیتی ملازمت کے متلاشیوں کو کیس مینجمنٹ اپروچ کے ذریعے ون اسٹاپ ایمپلائمنٹ سپورٹ سروسز فراہم کی جا سکیں، تاکہ ان کی ملازمت اور کیریئر کو بہتر بنانے میں معاونت کی جا سکے۔







## بذریعہ ٹیلیفون ملازمت کی خدمات

ملازمت کے مراکز یا iES ویب سائٹ پر ہماری ملازمت کی خدمات کے لیے اگر آپ پہلے سے رجسٹرڈ ہیں اور نجی شعبے میں آسامیوں کے لیے درخواست دینا چاہتے ہیں تو آپ کو ہمارے مراکز پر جانے کی بجائے بذریعہ ٹیلیفون ملازمت سروس کی ہاٹ لائن 2969 0888 پر فون کر کے ملازمت کے لیے جاب ریفرل سروس حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر ضروری ہو تو ہم بذریعہ ٹیلی فون ترجمانی کی خدمات کا بھی بندوبست کر سکتے ہیں۔

## متعامل ملازمت خدمت کی ویب سائٹ اور موبائل ایپلیکیشن

نسلی اقلیتی متلاشیان ملازمت کے لیے تازہ ترین نوکری کی آسامیوں کی جانچ کرنے، ہماری ملازمت کی خدمات میں رجسٹریشن کروانے، ملازمت کی مشاورتی خدمت کے لیے درخواست دینے اور LD کی بھرتی کی سرگرمیوں پر تازہ ترین خبریں حاصل کرنے کے لیے آپ ہماری iES کی ویب سائٹ (https://www.jobs.gov.hk/EM) اور اس کے مختص کردہ ویب پیج کو ملاحظہ کر سکتے ہیں۔ آپ اپنے سمارٹ فونز یا موبائل آلات کی مدد سے کسی بھی وقت اور کہیں پر بھی ہماری نوکری کے ڈیٹابیس میں موزوں آسامیوں کی تلاش کی iES موبائل ایپلیکیشن کا استعمال کر سکتے ہیں۔